**Directorate of Communication & Extension**
LIVESTOCK & DAIRY DEVELOPMENT PUNJAB
16-Cooper Road, Lahore

Phone: 042-99201120
Fax: 042-36367940

## گورنمنٹ لائیوسٹاک فارم جوگیت پیر ضلع بہاولپور میں اونٹنی مقابلہ دودھ کا انعقاد

## پاکستان کی معیشت میں اونٹ اہم کردار ادا کر رہے ہیں، پروفیسر ڈاکٹر محمد یونس صدر پاکستان کیمل بریڈرز ایسوسی ایشن

نسیم صادق

سیکرٹری لائیوسٹاک پنجاب

## پریس ریلیز (محکمہ لائیوسٹاک)

(ڈاکٹر اسرار حسین ڈائریکٹر سی اینڈ ای، محکمہ لائیوسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ)

## تاریخ: 13 اپریل 2015

پاکستان میں 10 لاکھ اونٹ پائے جاتے ہیں جن میں سے تقریباً 60 فیصد صوبہ پنجاب اور ان کی اکثریت جنوبی پنجاب کے اضلاع بہاولنگر، بہاولپور اور رحیم یار خان میں پائی جاتی ہے۔ اونٹوں کی دو مشہور نسلیں مرٹیچا اور بریلہ بار برداری، دودھ، گوشت اور ریگستان میں سواری کے کام آتی ہیں۔ پاکستان میں بریلہ نسل کا اونٹ دنیا بھر میں دودھ کی پیداوار کے لیے مشہور ہے۔ جنوبی پنجاب کے اضلاع میں اونٹ پال حضرات میں اونٹوں کی اہمیت اجاگر کرنے اور مویشی پال حضرات کے درمیان ہم آہنگی اور مضبوط پلیٹ فارم بنانے کے لیے دودھ میلے کا انعقاد 10 سے 12 اپریل جوگیت پیر فارم بہاولپور میں کیا گیا جس میں 30 بریڈرز کی 57 اونٹنیوں نے مقابلہ میں حصہ لیا۔ بریلہ نسل میں شاہد حسین ولد شاہین خان ضلع بہاولنگر کی اونٹنی نے 24 گھنٹے میں 11.93 کلوگرام دودھ دے کر اوّل پوزیشن حاصل کی۔ محمد امین ولد حق نواز کی اونٹنی نے 11.765 کلوگرام دے کر دوسرا اور عطا محمد ولد محمد سعید کی اونٹنی نے 11.315 کلوگرام دودھ دے کر تیسرا انعام حاصل کیا۔ اسی طرح مرٹیچا نسل کی اونٹنیوں میں ولی محمد ولد غلام علی موضع قائم سر تحصیل یزمان ضلع بہاولپور کی اونٹنی 9.59 کلوگرام دودھ دے کر مقابلہ میں اوّل قرار دی گئی اسی نسل میں منظور احمد ولد وریام کی اونٹنی ٹیگ نمبر M-5 نے 8.845 کلوگرام دودھ دے کر دوسری جبکہ محمد رمضان ولد حسن بخش موضع ٹوبہ جام سر ضلع بہاولپور کی اونٹنی نے 7.775 کلوگرام دودھ دے کر تیسری پوزیشن حاصل کی اس مقابلہ دودھ میں سینکڑوں کی تعداد میں جنوبی پنجاب کے شائقین نے شرکت کی۔ اس موقع پر فارمرز کی رہنمائی کی کے لیے ڈاکٹر اسرار حسین چوہدری ڈائریکٹر کمیونیکیشن اینڈ ایکسٹینشن کی ٹیم نے معلوماتی سٹال لگایا اور فارمرز میں مفت معلوماتی لٹریچر، فزیبلٹیز اور لیف لٹس تقسیم کیے اس کے علاوہ ڈائریکٹوریٹ آف آر سی ایس سی جھنگ اور ایڈیشنل ڈائریکٹر پولٹری پروڈکشن جنوبی پنجاب نے بھی سٹال لگائے۔ شرکاء کی تفریح کے لیے مرٹیچا نسل کے اونٹوں نے ڈانس بھی پیش کیا جس نے شرکاء کے دل موہ لیے۔ تقریب تقسیم انعامات میں پروفیسر ڈاکٹر محمد یونس صدر پاکستان کیمل بریڈرز ایسوسی ایشن نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی ان کے ہمراہ ڈاکٹر محمد نواز سعید ڈائریکٹر جنرل (توسیع)، ڈاکٹر اسرار حسین چوہدری ڈائریکٹر کمیونیکیشن اینڈ ایکسٹینشن، ڈاکٹر محمد خالد خان ڈائریکٹر لائیوسٹاک فارم، ڈاکٹر منصور احمد ڈائریکٹر سمال ریومینٹس ملتان، ڈاکٹر محمد منیر گل فارم سپرنٹنڈنٹ جوگیت پیر، ڈاکٹر اصغر رامے ڈائریکٹر چولستان ڈویلپمنٹ اتھارٹی، ڈسٹرکٹ لائیوسٹاک آفیسر بہاولپور، بہاولنگر، رحیم یار خان اور ان کے ویٹرنری آفیسرز، ویٹرنری اسسٹنٹس بھی موجود تھے۔ مہمان خصوصی نے دونوں نسلوں کی (مرٹیچا اور بریلہ) میں اول، دوئم اور سوئم آنے والی اونٹنیوں کے مالکان میں 1 لاکھ، 50 ہزار اور 25 ہزار کے نقد انعامات، ٹرافیاں اور تعریفی اسناد تقسیم کیں۔ اس موقع پر ڈاکٹر محمد نواز سعید ڈائریکٹر جنرل (توسیع) نے تمام شرکاء کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ اونٹنیوں کے دودھ کی میڈیکل اہمیت سے مکمل طور پر آگاہ ہے اور کوشش کی جا رہی ہے کہ مستقبل قریب میں چولستان میں کیمل بریڈنگ ریسرچ انسٹیٹیوٹ اور ملک پراسیسنگ پلانٹ لگایا جائے۔
انہوں نے مزید کہا کہ اس میلے کا انعقاد ہر سال کیا جائے گا تا کہ لوگوں میں اعلیٰ نسل کے اونٹ پالنے کا جذبہ پیدا ہو سکے۔